حواشی، اعلام۔ امم وقبائل، غزوات۔ بلاد واماکن، قرآنی آیات۔ احادیث، اقوال وحکم۔ اور کتب واردہ درمتن پر مشتمل ہیں، شروع میں ایک مفصل اور نہایت محققانہ مقدمہ ہے۔ غرض کہ یہ کتاب تحقیق اور اڈیٹنگ کا شاہکار ہے۔ اور اس کی اشاعت اُردو ادب کے سرمایہ میں ایک بڑا وقیع اور قیمتی اضافہ ہوا ہے۔

جمع وتدوینِ قرآن: از جناب سید صدیق حسن مرحوم۔ تقطیع متوسط، ضخامت ۸۰ صفحات، کتابت وطباعت بہتر، قیمت درج نہیں۔ پتہ:۔ دار المصنفین اعظم گڈھ۔

قرآن مجید کے جمع کرنے اور اُس کی تدوین وترتیب کے بارہ میں جو روایات یا تاریخی دستاویزات ملتی ہیں وہ مختلف قسم کی ہیں اور لوگوں نے اُن سے مختلف نتائج نکالے ہیں، اسی بناء پر مثلاً اسی میں اختلاف ہے کہ قرآن کی سورتوں کی ترتیب توقیفی ہے یا غیر توقیفی۔ پورا قرآن عہدِ نبوت میں ہی مرتب ہو چکا تھا یا بعد میں ہوا۔ مرحوم مصنف جو ایک نہایت کامیاب سول سرونٹ ہونے کے باوجود اسلامی علوم وفنون کا بھی وسیع مطالعہ اور شگفتہ ذوق رکھتے تھے، انھوں نے اس مختصر کتاب میں، جو درحقیقت معارف کی چار قسطوں میں بصورتِ مقالہ چھپا تھا۔ اس اہم اور قدرے پیچیدہ موضوع پر اس عمدگی اور خوبی سے بحث کی ہے کہ ایک طرف تو ان مختلف روایات میں تطبیق کی صورت پیدا ہو جاتی ہے اور دوسری جانب قرآن مجید کا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں ہی مرتب ومدون ہو جانا اور بنا ٔ علیہ آیات وسور کی ترتیب کا توقیفی ہونا نقلاً وعقلاً ثابت ہو جاتا ہے۔ انگریزی کے اعلیٰ تعلیم یافتہ ہونے کی حیثیت سے مصنف نے اپنے مدعا کے اثبات کے لئے جو عقلی دلائل بیان کئے ہیں وہ دیدنی ہیں، امید ہے ارباب ذوق اس کے مطالعہ سے شادکام ہوں گے۔

صحابۂ کرام کا عہدِ زرین حصۂ اوّل: از مولانا سید محمد میاں صاحب مرادآبادی: تقطیع متوسط ضخامت ۹۶ صفحات، کتابت وطباعت بہتر۔ قیمت 2/50 پتہ:۔ کتابستان۔ قاسم جان اسٹریٹ دہلی۔

حضرت شاہ ولی اللہ الدہلوی کی کتاب "ازالۃ الخفا" صحابۂ کرام کے فضائل ومناقب پر کس درجہ کی کتاب ہے؟ اہلِ علم وخبر پر پوشیدہ نہیں۔ مولانا محمد میاں نے اس کو اپنے حواشی اور اضافوں کے ساتھ اُردو کا